© rasailojaraid.com



ہیں جنہوں نے حق و باطل کے اس معرکہ میں جامِ شہادت نوش فرمایا ——— اور اللہ تعالیٰ اجرِ جزیل عطا فرمائے مولانا محمد حنیف یزدانی ناظم مکتبہ نذیریہ کو، جنہوں نے اس سے قبل "اصحابِ بدر" اور "اربابِ شہدائے احد"، ایسی مفید کتابوں کو چھاپنے کا اہتمام کر کے ایک بہت بڑی ضرورت کو پورا کیا ہے۔ مولانا خود بھی ایک بہترین مصنف ہیں اور اس سے قبل کئی کتابیں تصنیف کر چکے ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مولانا کو توفیق عطا فرمائے کہ وہ ایسے خوبصورت گلدستے امتِ مسلمہ کی خدمت میں پیش کرتے ہی چلے جائیں جو اس کے لئے بیحد مفید بھی ہیں اور ان کی ناگزیر ضرورت بھی!

سفید کاغذ، آفسٹ کتابت و طباعت ——— کتاب کی افادیت کے پیشِ نظر ساڑھے چار روپے قیمت نہ ہونے کے برابر ہے ——— ہر مسلمان کو اس سے مستفید ہونا چاہیئے!

---

نام کتاب . . . . مکالماتِ نبوی (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم)

مرتبہ . . . . مولانا ابو یحییٰ امام خان نوشہروی رحمۃ اللہ علیہ

ضخامت . . . . ۲۱۶ صفحات

قیمت . . . . ۱۲ روپے

ناشر . . . . مکتبہ نذیریہ تبلیغی ادارہ، فیروز پور روڈ (ڈاکخانہ کوٹ لکھپت) لاہور

(سفید کاغذ، آفسٹ کتابت و طباعت جلد پیپر بیک)

زیرِ نظر کتاب ہادیٔ اعظم، پیغمبر آخر الزمان، رحمۃ للعالمین، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ان پچاس مکالمات کا مجموعہ ہے جو آپ نے تبلیغِ دین کے سلسلے میں یا اسلام سے متعلقہ امور دریافت کرنے کے لئے خدمتِ اقدس میں حاضر ہونے والے مختلف وفود اور افراد سے فرمائے ——— آنے والے سوالات کرتے، آپ جوابات عطا فرماتے، اور شمعِ رسالت کے پروانے انہیں توشۂ دین و دنیا خیال کر کے ان کا ایک ایک لفظ محفوظ کر لیتے۔

چونکہ آپ کے ارشاداتِ عالیہ دینِ اسلام کے تمام شعبوں پر محیط اور دینا وی زندگی کے لئے بہترین سرمایہ ہیں لہٰذا ان کو یکجا کر کے استفادۂ عام کی غرض سے کتابی صورت میں پیش کر دینا بلاشبہ ایک بہت بڑی دینی خدمت بھی ہے اور عظیم سعادت بھی، جس کے لئے مؤلف اور ناشر بجا طور پر ہدیۂ تبریک کے مستحق ہیں۔

مؤلف مرحوم نے آپ کے ان تمام ارشادات کو اس میں شامل کر دیا ہے جو مکالماتِ نبوی کے ذیل میں آتے ہیں۔ علاوہ ازیں عبارتوں کے عربی متن کے ساتھ ساتھ ان کا سلیس اور رواں اردو ترجمہ بھی شاملِ کتاب کیا ہے تاکہ اردو دان

© rasailojaraid.com